3 ☆ What is Islam، ڈاکٹر کرنل (ر) محمد ایوب خان۔ ناشر: قرآن سوسائٹی۔ ۲۹۴ توسیع کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [قرآن حکیم کے حوالے سے اور آیاتِ قرآنی کی روشنی میں امورِ حیات و کائنات اور انسانی مسائل کے بارے میں اسلام کا نقطہ نظر، جس سے اسلام بطور ضابطہ حیات کی اچھی تصویر سامنے آتی ہے۔ کاش اشاعتی معیار اور بہتر ہوتا۔]

4 ☆ نور و حضور، رفیع الزمان زبیری۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن، ہمدرد سنٹر، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۲۰۹۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [حج اور عمروں کے لیے اپنے اہل خانہ کے ساتھ حرمین شریفین کے متعدد اسفار کی رودادیں۔ ایک جذبے اور عقیدت و چاہت کے ساتھ، سادہ بیانیہ اسلوب۔]

5 ☆ قافلہ ادب اسلامی (مجلّہ) مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر ظہور احمد اظہر۔ ناشر: رابطہ ادب اسلامی عالمی، پاکستان شاخ: ۷-حق باہو ہاؤسز، لالہ زار کالونی، رائے ونڈ روڈ، لاہور۔ صفحات: ۱۹۱۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [رابطے کا سہ ماہی ترجمان علمی مجلّہ۔ عربی، اردو اور انگریزی میں تعارفی اور تحقیقی مضامین۔]

6 ☆ تاریخ فرقہ بندی اور فرقہ ناجیہ، توفیق احمد ناصر صدیقی۔ ناشر: اسلامی لائبریری جامع مسجد فاروق اعظم، دستگیر نمبر ۷ فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ صفحات: ۲۹۔ قیمت: درج نہیں۔ [دورِ صحابہؓ سے مسلمانوں کے ہاں اختلاف رائے کی تاریخ، فرقوں کی ابتدا، تفرقہ، گروہ بندی، عقائد میں بگاڑ، ائمہ اربعہ، دیوبندی، بریلوی، اہل حدیث، وہابی اور شیعہ وغیرہ کا مختصر تعارف۔ اعتدال و توازن کے ساتھ۔ بقول مصنف: ''لازم ہے کہ ہم قرآن و حدیث سے تعلق جوڑیں اور اپنی عاقبت کی فکر کریں''۔ عام فہم، ناصحانہ انداز، ایک مفید کتابچہ۔]

7 ☆ یا میں غازی یا میں شہید، پروفیسر عنایت علی خاں۔ پتا: ۶ علی ہومز، لطیف آباد نمبر ۹، حیدرآباد۔ صفحات: ۱۱۔ قیمت: ۱۰ روپے۔ [جہاد کشمیر کے حوالے سے ایک ترانہ، ۹ جہادی تنظیمیں، جذبہ خیز اور ولولہ انگیز، ''جو صاحب چاہیں، یہ نظمیں شائع کرا سکتے ہیں''۔]

8 ☆ روزہ، مولانا احمد علی محمودی۔ ناشر: مکتبہ علوم اسلامیہ، ۹ صادق منزل، آرام باغ روڈ، کراچی۔ صفحات: ۱۶۔ قیمت: ۶ روپے، فی سیکڑہ: ۴۰۰ روپے۔ [روزے سے متعلق ضروری مسائل، آداب، قواعد، فوائد، فضیلت، اہمیت وغیرہ۔]

9 ☆ ہم نے آج تراویح میں کیا پڑھا؟ ممتاز عمر۔ پتا: ۴۷۵ ٹی کورنگی ۲، کراچی ۷۴۹۰۰۔ صفحات: ۵۹۔ قیمت: درج نہیں۔ [۲۷ دنوں کے لحاظ سے ہر روز تراویح میں پڑھے جانے والے حصہ قرآن پاک کے موضوعات کا مختصر ذکر۔]

10 ☆ بیت المقدس کس کا حق ہے؟ مصنف: محمد تنزیل الصدیقی الحسینی۔ ناشر: اصلاح المسلمین پبلشرز، کراچی۔ صفحات: ۵۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [ارض یروشلم کی مختصر تاریخ، بیت المقدس پر صرف متقی اور پرہیزگاروں کا حق ہے، ''جب مسلمان اللہ کی طرف رجوع کرلیں گے تو انھیں ان کا حق بھی مل جائے گا''۔]